# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی زبانوں کا ادب I (5617) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: ایم اے اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100      کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- سندھی زبان کی لسانی خصوصیات پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال 2- سندھی شاعری کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟ ہر دور کا تعارف پیش کریں۔ (20)

سوال 3- سچل سرمست کی سندھی شاعری کی اہم خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال 4- سندھی ادب کے فروغ میں سندھی ادبی بورڈ کی خدمات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال 5- جدید سندھی افسانے کے ارتقا پر جامع شذرہ قلم بند کریں۔ (20)

کل نمبر:100      کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- بلوچی زبان پر فارسی کا اثر زیادہ ہے، بحث کریں۔ (20)

سوال 2- کلاسیکی بلوچی شاعری کے سب سے قدیم دور کا تعارف کرائیں۔ (20)

سوال 3- گل خان نصیر ترقی پسند بلوچی ادیب تھے، ان کی خدمات پر جامع مضمون قلم بند کریں۔ (20)

سوال 4- بلوچی میں تحقیق و تنقید کی عمر اگرچہ زیادہ نہیں تاہم اس کی رفتار کو تسلی بخش کہا جا سکتا ہے، وضاحت کریں۔ (20)

سوال 5- عطا شاد کی بلوچی شاعری کی اہم تر خصوصیات پر تفصیلی مضمون تحریر کریں۔ (20)